اخبار الجامعہ

مولانا محمد جمشید اقبال مروت

☆...... 23/دسمبر 2012ء کو جامعہ میں تبلیغی جماعت کے سال میں چلنے والی دو جماعتوں کا جوڑ مقرر ہوا۔ جس میں سینکڑوں کی تعداد میں احباب نے شرکت کی۔ جس میں دونوں جماعتوں نے اپنی کارگزاریاں سنائیں۔ جوڑ میں شریک اس کا اثر لئے پورے علاقے میں پھیل گئے اور کئی جماعتیں تشکیل ہوئیں۔

☆...... 26/جنوری 2013ء کو جامعہ کے بانی حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی خدمات کو سراہنے کے سلسلے میں ایک عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں صوبائی اور مرکزی قائدین خصوصاً قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ نے شرکت کی۔ اور حالات حاضرہ کے علاوہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کی حیات پر روشنی ڈالی۔ سٹیج سیکرٹری کے خدمات ضلعی خطیب اور جمعیت علماء اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری حضرت مولانا مفتی عبدالغنی صاحب حفظہ اللہ نے ادا کئے۔

☆...... 29، 30، 31/جنوری 2013ء کو جامعہ کے نصف السنوی کے امتحانات کا انعقاد ہوا۔

☆...... امتحان کی تکمیل کے بعد طلبہ کے آرام کے لیے ایک ہفتہ تعطیلات کا اعلان ہوا۔ اور جامعہ کے جملہ شعبہ جات بند رہے۔

☆...... 8/فروری 2013ء بروز جمعۃ المبارک کو تعطیلات اختتام پزیر ہوئے اور 9/فروری 2013ء کو باقاعدہ اسباق کا آغاز ہوا۔

☆...... 4/فروری 2013ء کو "المباحث الاسلامیہ" کے مجلس مشاورت کے رکن رکین اور جامعہ کے نائب شیخ الحدیث حضرت مولانا بشیر احمد صاحب حفظہ اللہ نجی دورے پر متحدہ عرب امارات تشریف لے گئے۔ اور 24/فروری 2013ء کو بخیر وعافیت واپس مدرسہ پہنچ گئے۔

☆...... 18/فروری 2013ء کو جامعہ کے بانی حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب مرحوم کے والد اور جامعہ کے مہتمم صاحب حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب حفظ اللہ کے دادا مولانا امیر عبداللہ شاہ صاحب اس دارِ فانی سے رحلت فرما گئے۔ 19/فروری کو جامعہ میں اس کی نماز جنازہ حضرت مہتمم صاحب نے بنفس نفیس ادا کی۔ جس میں ہزاروں کی تعداد میں عوام وخواص نے شرکت کی۔ عمائدین علاقہ کے علاوہ جامعہ حلیمیہ درہ پیزو کے مہتمم مولانا عبدالغنی صاحب، ناظم اعلیٰ مولانا محمد انور صاحب اور جامعہ عثمانیہ لکی مروت کے مہتمم مولانا عبدالمتین صاحب حفظھم اللہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

☆...... 19/فروری 2013ء کو ظہر کی نماز کے بعد قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ اور عصر کی نماز کے بعد جے۔ یو۔ آئی کے صوبائی راہنما جناب اکرم خان درانی صاحب جامعہ میں تشریف لائے۔ اور مرحوم کی ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔

☆...... 3/مارچ 2013ء کو جامعہ کے مہتمم حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ حفظہ اللہ تعالیٰ نے کوٹکہ حافظان منجہ خیل میں مسجد کے افتتاحی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔

☆...... 6/مارچ 2013ء کو دینی مدارس کی تشکیل کردہ کمیٹی نے جامعہ کے مہتمم حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کی سربراہی میں بنوں چھاؤنی کے بریگیڈیئر سے ملاقات کی۔ دینی مدارس کو درپیش مسائل کے حوالے سے خصوصی بات چیت کی اور دینی مدارس کے متعلق جملہ شکوک وشبہات کا ازالہ کیا۔

...... تمت بالخیر ○ ......

......☆☆☆☆☆......